# 2۔ نیت

### ٢۔ نیت

مسئلہ٩٩٠۔ دوسری عبادتوں کی طرح اعتکاف میں بھی نیت اور قصد قربت کا ہونا ضروری ہے یعنی انسان کا مسجد میں ٹھہرنا صرف خداوند متعال کی قربت حاصل کرنے کے لئے اور ہر قسم کے ریا اور خودنمائی سے دور ہونا چاہئے۔

مسئلہ٩٩١۔ چونکہ اعتکاف پہلے دن طلوع فجر سے شروع ہوتا ہے لہذا نیت کرنے میں بھی اس سے زیادہ تاخیر نہیں ہونی چاہئے لیکن پہلی رات کی ابتدا یا درمیان میں نیت کر کے اعتکاف شروع کرنا بھی جائز ہے اور تیسرے دن مغرب تک جاری رکھے۔

مسئلہ٩٩٢۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا نیت کے دوران یہ شرط کرسکتا ہے کہ اعتکاف کے دوران کوئی عذر پیش آنے کی صورت میں اعتکاف چھوڑ کر مسجد سے نکل جائے گا، اگرچہ اعتکاف کا تیسرا دن کیوں نہ ہو۔